A **810**

## സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം
## അർധ വാർഷിക ആത്യന്തിക വിലയിരുത്തൽ 2025-26
## ഉർദു

ക്ലാസ് : VIII | സമയം : 1½ മണിക്കൂർ | ആകെ സ്കോർ : 40

### പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

- ആദ്യ 15 മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- ചോദ്യങ്ങളും നിർദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവം വായിച്ച് എല്ലാ ചോദ്യങ്ങൾക്കും ഉത്തരം എഴുതണം. ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ,സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.
- A അല്ലെങ്കിൽ B എന്ന് ചോയ്സ് നൽകിയ ചോദ്യങ്ങളിൽ, ഏതെങ്കിലും ഒരു ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരം എഴുതിയാൽ മതി.

---

**1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔** 1x4=4

1 نیچے چند کرداروں کے نام ہیں۔ان میں سے کہانی ’حسین وادیاں‘ کے کردار کا نام چن کر لکھیے۔ 1

(کورا، دیمتی، شیام، کمار چاچا)

2 بھائیوں کی طرح سب مل کر رہیں

احترام اک دوسرے کا ہم کریں

بچو، بھائی چارگی کے بارے میں لکھا ہوا یہ شعر کس کا ہے؟ 1

(جان نثار اختر، شبنم کمالی، اسماعیل میرٹھی، وجاہت علی سندیلوی)

3 صحیح لفظ چن کر لکھیے۔ 1

میں زمین .......... (ہے، ہو، ہیں، ہوں)

4 پہیلی بوجھیے۔ 1

ہاتھ نہیں ہے پاؤں نہیں ہے — پھر بھی چلتی پھرتی ہوں

کھلی ہوا میں دَم گھٹتا ہے — تڑپ تڑپ کر مر جاتی ہوں

(مچھلی، تتلی، مکھی، چھپکلی)

**5 سے 7 تک کے سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھیے۔** 2x3=6

5 ’جو بوئے گا وہی کاٹے گا‘ یہ کاشت کاری سے متعلقہ کہاوت ہے۔اس کا معنیٰ کیا ہے؟ 2

6 نیچے دیے گئے الفاظ کی مدد سے ’کسان‘ سے متعلقہ دو جملے لکھیے۔ 2

(کھیت، محنت، بھوک، روٹی)

7-A امرت بادل بن کے اٹھے ہیں پربت سے ٹکرائیں گے

کھیتوں کی ہریالی بن کر چھب اپنی دکھلائیں گے

2 بچو، اس شعر میں 'امرت' سے شاعر کا کیا مراد ہے؟

OR

7-B زمانے کو اپنا بنا کر رہوں گا

محبت کے نغمے سنا کر رہوں گا

اس شعر میں شاعر کی تمنا کیا ہے؟ لکھیے۔

3x6=18 **8 سے 13 تک سوالوں کے جواب مختصر طور پر لکھیے۔**

8 بھگت سنگھ، لالہ لاجپت رائے، مولانا ابوالکلام آزاد وغیرہ مشہور مجاہدینِ آزادی ہیں۔

3 بچو، آپ کا پسندیدہ ایک مجاہدِ آزادی کے بارے میں مختصر لکھیے۔

9 آج کل فطرت کو بگاڑنے سے ہم کئی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ فطرت کی بربادی کے خلاف

3 آواز اٹھانے کے لیے تین نعرے تیار کیجیے۔

جیسے: جنگلات کی کٹائی روک دو زمین کی سانس رہنے دو

10 شعر غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

بنے گا نہ اب بھائی کا بھائی دشمن

میں بچھڑے ہوئے دل ملا کر رہوں گا

کتابِ عمل سے جو غافل ہے اس کو

سبق زندگی کا پڑھا کر رہوں گا

3 ان اشعار میں شاعر کیا کیا بیان کرتا ہے؟ مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

11-A عبارت پڑھیے اور اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

کورا دوڑتے ہوئے وادی کی طرف بڑھا۔ وہاں کا منظر دیکھ کر اس کا کلیجہ منہ کو آ گیا۔ رضا کار نوجوان ٹوٹی ہوئی عمارتوں، بڑے بڑے چٹانوں اور کیچڑ سے لت پت لوگوں کو بچانے میں لگے ہوئے تھے۔ کورا بھی ان میں شامل ہو گیا۔ اس نے دیکھا کہ ایک طرف ایک چھوٹی سی بچّی کیچڑ میں پھنسی ہوئی ہے۔

(اشارے: کون، کیا، کیا کیا، کہاں، کیسے)

**OR**

11-B آپ کے آس پاس بھی جوزف کی طرح کئی کاشت کار ہوں گے۔ اگر آپ کو جوزف جیسے کاشت کار سے ملنے کا موقع ملا تو آپ ان سے کیا کیا سوال کریں گے؟

(اشارے: کہاں، کب، کیسے، کتنا، کیوں)

12-A ہندوستان کے لوگ آپس میں مل جل کر رہتے ہیں۔ یہاں مختلف مذہب کے لوگ ہیں۔

بچّو، ہمارے وطن کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ مختصر بیان کیجیے۔ 3

**OR**

12-B جوزف کہتا ہے کہ ''موسم کی تبدیلی مچھلیوں کی صحت پر اثر ڈالتے ہیں۔''

بچّو، مچھلی کی کاشت کاری کے میدان میں کاشت کار لوگ اور کیا کیا مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ واضح کیجیے۔

13-A عورت کہتے ہیں کہ ''تین چار دنوں سے میرے بچّے بھوک سے تڑپ رہے ہیں۔''

بچّو، بھوک ایک سماجی مسئلہ ہے۔ غریبی دور کرنے کے لیے ہم کیا کیا کر سکتے ہیں۔ آپ کے خیالات واضح کیجیے۔ 3

**OR**

13-B کسان لوگ دنیا کی بھوک مٹاتے ہیں۔ ان کی محنت کی وجہ سے یہ دنیا زندہ رہتی ہے۔

بچّو، کھیتی باڑی کی اہمیت پر چند جملے لکھیے۔

14 سے 16 تک کے سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ 4x3=12

14 کہانی 'بھوک مٹائیں' کا کون سا کردار آپ کو زیادہ بہت پسند آیا؟ کیوں؟

بچو، پسندیدہ کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔ 4

15 ۲۶ جنوری جمعرات کے دن ہمارے گاؤں کے پنچایت ہال میں 'یوم جمہوریہ' کے موضوع پر ایک سمینار ہونے والا ہے۔ وارڈ ممبر سروجنی کی صدارت میں صدر پنچایت لطیف ماسٹر افتتاح کریں گے۔ سماجی خدمت کار کمارن ماسٹر مقالہ پیش کریں گے۔

بچو، پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ 4

(اشارے: عنوان، مقام، تاریخ، صدارت، افتتاح، مقالہ کی پیش کش)

16-A زمین کہتی ہے کہ "ترقی کے واسطے میری صورت اور میرے جسم کی شکل بدل رہا ہے۔"

فطرت کو برباد کرتے کرتے زمین کی جان بڑے خطرے میں ہے۔

بچو، اپنی زمین کو خطرے سے بچانے کے لیے ہم کیا کیا کر سکتے ہیں؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 4

**OR**

16-B راجا کہتے ہیں: "ذرا سوچو تو سہی! لوگ آم کے پیڑ پر پتھر مارتے ہیں۔ پھر بھی آم کا پیڑ میٹھے پھل دیتا ہے۔"

بچو، راجا کے اس قول پر اپنی رائے واضح کیجیے۔